سیپسس کی علامات کیا ہیں؟

سیپسس کی کوئی ایک علامت نہیں ہے اور بالغ افراد اور بچوں میں مختلف علامات نمودار ہوتی ہیں۔

بچے

کسی بھی بچے کو سیپسس ہو سکتا ہے اگر:

- وہ بہت تیزی سے سانس لے رہا ہو
- اسے ’دورہ‘ پڑے یا تشنج ہو
- اس کی جلد دھبے دار، نیلی یا بہت پیلی پڑ گئی ہو
- ان کو ایسی چھپاکی نکل آئے جو دبانے پر بھی غائب نہ ہو
- وہ بہت غنودگی میں ہو یا اس کو جاگنے میں دشواری ہو
- اس کا جسم چھونے پر غیر معمولی طور پر ٹھنڈا محسوس ہو

گہری رنگت کی حامل جلد میں رنگ کی تبدیلی نسبتاً کم گہرے حصوں میں دیکھی جا سکتی ہے، جیسا کہ کلائی کا اندرونی حصہ یا ہتھیلی۔

بالغ افراد

کوئی بھی بالغ فرد سیپسس میں مبتلا ہو سکتا ہے اگر ان میں درج ذیل علامات میں سے کوئی بھی دکھائی دے:

لکنت آمیز بات چیت یا الجھن کا شکار ہونا
شدید کپکپی یا پٹھوں میں درد
پیشاب کا نہ آنا (دن بھر)
سانس لینے میں شدید دشواری
یوں محسوس ہونا جیسے آپ مرنے والے ہوں
جلد پر دھبے پڑ جانا یا جلد کا بے رنگ ہونا

گہری رنگت کی حامل جلد میں رنگ کی تبدیلی نسبتاً کم گہرے حصوں میں دیکھی جا سکتی ہے، جیسا کہ کلائی کا اندرونی حصہ یا ہتھیلی۔

سیپسس کے حوالے سے اہم حقائق

- سیپسس کسی انفیکشن یا چوٹ لگنے پر مدافعتی نظام کا شدید ردعمل ہے
- متعدد اعضاء کے ناکارہ پن اور ان کے افعال کا کارکردگی چھوڑ دینے سے بچنے کے لیے فوری طبی توجہ اہم ہے
- اس کیفیت سے ہر سال UK کے 245,000 افراد متاثر ہوتے ہیں، 48,000 افراد جان سے ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں
- ہم افراد میں سیپسس کے پھیلاؤ کو روک نہیں سکتے، تاہم اگر فوری طور پر اس کی نشاندہی ہو جائے تو یہ قابل علاج ہے – لہٰذا یہ جاننا اہم ہے کہ کیا معلوم کیا جائے۔

مزید معلومات کے لیے QR کوڈ اسکین کریں، یا abuhb.nhs.wales/sepsis یا sepsistrust.org ملاحظہ کریں

اگر مجھے سیپسس کا شبہ ہو تو مجھے کیا کرنا چاہیئے؟

فوری طور پر طبی مدد طلب کریں۔

اگر کسی فرد میں سیپسس کی علامات میں سے کوئی ایک نمودار ہو تو **999** پر کال کریں یا گرینج یونیورسٹی ہاسپٹل کا شعبۂ حادثات کا دورہ کریں۔

اگر آپ کسی انفیکشن کی بارے میں فکرمند ہیں تاہم سیپسس کا شبہ نہیں ہے، تو 111 پر کال کریں۔

بس پوچھیں، ”کیا یہ سیپسس ہو سکتا ہے؟“

GIG CYMRU NHS WALES
Bwrdd Iechyd Prifysgol
Aneurin Bevan
University Health Board

SEPSIS SAVVY
THE UK SEPSIS TRUST

کیا آپ جاننا چاہیں گے کہ...

صرف پوچھیں

”کیا یہ سیپسس ہو سکتا ہے؟“

سیپسس ایک جان لیوا کیفیت ہے جو UK میں فی گھنٹہ 5 اموات کا باعث بن رہی ہے۔

بالغان میں ایک تہائی سے زائد افراد کے خیال میں سیپسس کا علاج بطور ایمرجنسی نہیں ہونا چاہیئے، اور اگر اس کی شناخت فوری طور پر ہو جائے تو یہ اکثر اینٹی بائیوٹک کے ساتھ قابل علاج ہے۔

بہتر آگاہی UK میں ہر سال ہزاروں جانیں بچا سکتی ہیں۔

GIG CYMRU NHS WALES
Bwrdd Iechyd Prifysgol
Aneurin Bevan
University Health Board

SEPSIS SAVVY
THE UK SEPSIS TRUST